## Video 1: Greetings

| | |
|---|---|
| Qamar: Assalam o alaikum | قمر۔ السّلام و علیکم |
| Nosheen: Wa alaikum assalam | نوشین۔ وعلیکم اسلام |
| Qamar: Mera naam Qamar hai. Aap ka naam kya hai? | قمر۔ میرا نام قمر ہے آپکا نام کیا ہے؟ |
| Nosheen: Mera naam Nosheen hai. | نوشین ۔ میرا نام نوشین ہے۔ |
| Qamar: Main skardu se hun. Aap kahan se hain? | قمر۔ میں سکردو سے ہوں، آپ کہاں سے ہیں؟ |
| Nosheen: Main Dubai se hun. | نوشین۔ میں دبئ سے ہوں۔ |
| Qamar: Aap se mil kar khushi hui. | قمر۔ آپ سے مل کر خوشی ہوئی۔ |
| Nosheen: Mujhe bhi. Aap se mil kar buhut khushi hui. | نوشین۔ مجھے بھی آپ سے مل کر بہت خوشی ہوئی۔ |
| Qamar: Allah hafiz! | قمر۔ اللہ حافظ |
| Nosheen: Allah hafiz! | نوشین۔ اللہ حافظ |
| | |
| Tehmina: Assalam o alaikum | تہمینہ۔ السّلام و علیکم |
| Nosheen: Wa alaikum assalam | نوشین۔ وعلیکم السلام |
| Tehmina: Aap ka naam kya hai? | تہمینہ۔ آپکا نام کیا ہے؟ |
| Nosheen: Mera naam Nosheen hai aur aap ka naam? | نوشین۔ میرا نام نوشین ہے اور آپکا نام ؟ |
| Tehmina: Mera naam Tehmina hai. Nosheen aap kahan se hain? | تہمینہ۔ میرا نام تہمینہ ہے، نوشین آپ کہاں سے ہیں؟ |
| Nosheen: Main Dubai se hun. | نوشین۔ میں دبئ سے ہوں۔ |
| Tehmina: Acha Nosheen, main Karachi, Pakistan se hun. Aap se mil kar khushi hui. | تہمینہ۔اچھا نوشین میں کراچی پاکستان سے ہوں، آپ سے مل کر خوشی ہوئی۔ |
| | نوشین۔مجھے بھی آپ سے مل کر بہت خوشی ہوئی۔ |
| Tehmina: Allah hafiz! | تہمینہ۔ اللہ حافظ۔ |
| Nosheen: Allah hafiz! | نوشین۔ اللہ حافظ۔ |
| | |
| Hina: Assalam o alaikum | السّلام و علیکم۔ |
| Sania: Wa alaikum assalam | ثانیہ: وعلیکم السلام |
| Hina: Tumhara naam kya hai? | تمہارا نام کیا ہے؟ |
| Sania: Mera naam sania hai. | ثانیہ: میرا نام ثانیہ ہے۔ |
| Hina: Tum kahan se ho? | تم کہاں سے ہو؟ |
| Sania: main china se hun. | ثانیہ۔ میں چائنہ سے ہوں۔ |
| Hina: Tum se mil kar khushi hui | تم سے مل کر خوشی ہوئی |
| Sania: mujhe bhi | ثانیہ۔مجھے بھی۔ |
| Hina: Allah hafiz! | اللہ حافظ۔ |
| Sania: Allah hafiz! | ثانیہ۔ اللہ حافظ۔ |

## Video 2: Introductions

<table>
<tr>
<td>Assalam o alaikum. Is video main ham aap ko apne baray main batayen ge. Hamara naam kya hai, ham kahan se hain, ham kahan rehte hain, ham konsi zubanen bolte hain.<br><br>Jesa ke: Mera naam Tehmina hai, Main Karachi, Pakistan se hun. Main Karachi main rehti hun. Main Urdu, Farsi, Angrezi zubaan bolti hun.<br><br>Mera naam Sania hai. Main China se hun. Main Hunza main rehti hun. Main Urdu aur Chinese bolti hun.<br><br>Assalam o alaikum. Mera naam Hina hai. Main Saudi Arab se hun. Main Islamabad main rehti hun aur main Arbi, Urdu aur Angrezi zuban bolti hun.</td>
<td>اسلام علیکم ۔ اس وڈیو میں ہم آپکو اپنے بارے میں بتائیں گے۔ ہمارا نام کیا ہے ہم کہاں سے ہیں ہم کہاں رہتے ہیں ہم کونسی زبانیں بولتے ہیں۔<br><br>جیسا کہ میرا نام تہمینہ ہے ۔ میں کراچی پاکستان سے ہوں میں کراچی میں رہتی ہوں میں اردو فارسی انگریزی زبان بولتی ہوں<br><br>میرا نام ثانیہ ہے میں چائینہ سے ہوں میں ہنزہ میں رہتی ہوں۔ میں اردو اور چائینیز بولتی ہوں<br><br>اسلام علیکم ۔ میرا نام حنا ہے۔ میں سعودی عرب سے ہوں میں اسلام آباد میں رہتی ہوں اور میں عربی اردو اور انگریزی زبان بولتی ہوں ۔</td>
</tr>
</table>

## Video 3: Introducing others

<table>
<tr>
<td>Tehmina: Assalam o alaikum! Ye kon hai?<br>Nosheen: Ye Sania hai aur ye China se hai.<br>Tehmina: Main Tehmina hun, main karachi Pakistan se hun. Aap se mil kar khushi hui.<br>Sania: Mujhe bhi.<br>Nosheen: Ye kon hain?<br>Tehmina: Ye Hina hai, ye Saudi arab se hai.<br>Nosheen: Main Nosheen hun. Main Dubai se hun. Aap se mil kar buhut khushi hui.<br>Hina: Mujhe bhi.<br>Allah hafiz!</td>
<td>السلام و علیکم! یہ کون ہے۔<br>یہ ثانیہ ہے اور یہ چائینہ سے ہے۔<br>میں تہمینہ ہوں ، میں کراچی پاکستان سے ہوں۔<br>آپ سے مل کے خوشی ہوئی۔<br>مجھے بھی۔<br>یہ کون ہے؟<br>تہمینہ۔یہ حنا ہے ،یہ سعودی عرب سے ہے۔<br>نوشین۔میں نوشین ہوں،میں دبئ سے ہوں۔آپ سے مل کے مجھے بہت خوشی ہوئی۔۔<br>مجھے بھی۔<br>اللہ حافظ۔</td>
</tr>
</table>

## Video 4: how are you?

| | |
|---|---|
| Assalam o alaikum.<br>Wa alaikum assalam<br>Aap kesi hain?<br>Main theek nahin hun.<br>Aap kese hain?<br>Main bas theek hun.<br>Aap kheriyat se hain?<br>Ji! Main bilkul kheriyat se hun.<br>Aap ka kia haal hai?<br>Main bilkul theek hun. | السلام علیکم<br>وعلیکم سلام ۔<br>آپ کیسی ہیں۔<br>میں ٹھیک نہیں ہوں۔<br>آپ کیسے ہیں؟<br>میں بس ٹھیک ہوں۔<br>آپ خیریت سے ہیں؟<br>میں بلکل خیریت سے ہوں۔!جی<br>آپکا کیا حال ہے؟<br>میں بلکل ٹھیک ہوں۔ |

## Video 5: My family

| | |
|---|---|
| Assalam o alaikum. Aaj main aap ko apne khandan ke baray main bataun gi. Ye main hun. Mera naam Sana hai. Ye meri behen hai. Meri behen ka naam Tooba hai. Ye meri ammi hain. Ye mere abbu hain. Meri ammi ka naam Razia hai, mere abbu ka naam Ahmad hai. Ye mera bara bhai hai. Mere bhai ka naam Zeeshan hai. Zeeshan shadi shuda hai. Is ki biwi is tasveer main nahi hai. Ye is ka beta hai. Mere bhai ka sirf ek bacha hai. Ye is ke dada dadi hain. Ham sab Islamabad Pakistan main rehte hain. Mera bhai aur is ka khandan Dubai main rehte hain. Aap mujhe apne khandan ke baray main kuch batayen. | السلام علیکم ۔ آج میں آپکو اپنے خاندان کے بارے میں بتاؤں گی ۔ یہ میں ہوں، میرا نام ثناء ہے۔ یہ میری بہن ہے ، میری بہن کا نام طوبہ ہے۔<br>یہ میری امی ہیں ۔ یہ میرے ابو ہیں ، میری امی کا نام رضیہ ہے ، میرے ابو کا نام احمد ہے ۔ یہ میرا بڑا بھائی ہے ، میرے بھائی کانام ذیشان ہے۔ ذیشان شادی شدہ ہے۔اس کی بیوی اس تصویر میں نہیں ہے ۔ یہ اس کا بیٹا ہے ۔میرے بھائی کا صرف ایک بچہ ہے، یہ اس کے دادا ، دادی ہیں۔<br>ہم سب اسلام آباد پاکستان میں رہتے ہیں۔ میرا بھائی اور اس کا خاندان دبئی میں رہتے ہیں۔ آپ مجھے اپنے خاندان کے بارے میں کچھ بتائیں۔ |

## Video 6: Nadra office

Hamza: Assalam o alaikum
Ejaz: Wa alaikum assalam
Hamza: Main nadra office se Hamza bol raha hun. Kya main Ejaz se baat kar sakta hun?
Ejaz: Ji main baat kar raha hun.
Hamza: Main aap ke baray main kuch malumaat lena chahta hun.
Ejaz: Acha theek hai, poochiye. Kya poochna hai?
Hamza: Aap ka naam kia hai?
Ejaz: Mera naam Ejaz hai.
Hamza: Aap ke walid ka naam kya hai?
Ejaz: Mere walid ka naam Ahmed hai.
Hamza: Aur aap ki walida ka naam kya hai?
Ejaz: Meri walida ka naam Maria hai.
Hamza: Acha, Ejaz kia aap shadi shuda hain?
Ejaz: Ji, main shadi shuda hun.
Hamza: Aap ke kitne bache hain?
Ejaz: Mere do bache hain, ek larka, ek larki.
Ejaz: Mere bete ka naam Ali aur beti ka naam Sara hai.
Hamza: Aap ke bete ki umar kya hai?
Ejaz: Mera beta panch saal ka hai aur meri beti ki umar teen saal hai.
Hamza: Acha, aap ki tareekh e pedaish kya hai?
Meri Tareekh e pedaish chaar satambar un-ees so pichanway hai.
Hamza: Aap ke ghar ka pata kia hai?
Ejaz: Mere ghar ka pata gali number artees ef seven Islamabad hai.
Hamza: Aap ke ghar ka phone number kya hai?
Ejaz: Mere ghar ka phone number teen chaar panch saat panch teen panch sifar hai.
Hamza: Aap ka zaati phone number kya hai?
Ejaz: Mera zaati phone number chaar panch aath do chay chay ek char sifar hai.
Hamza: Buhut shukriya Ejaz. Apna khayal rakhiye. Allah hafiz!

حمزہ: السلام علیکم
اعجاز :وعلیکم ا سلام
حمزہ: میں نادرا آفس سے حمزہ بول رہا ہوں۔کیا میں اعجاز سے بات کر سکتا ہوں؟
اعجاز :جی میں بات کر رہا ہوں۔
حمزہ: میں آپ کے بارے میں کچھ معلومات لینا چاہتا ہوں۔
اعجاز : اچھا ٹھیک ہے ، پوچھئے کیا پوچھنا چاہتے ہیں؟
حمزہ: آپکا نام کیا ہے؟
اعجاز: میرا نام اعجاز ہے۔
حمزہ: آپکے والد کا نام کیا ہے؟
اعجاز: میرے والد کا نام احمد ہے ۔
حمزہ:اور آپکی والدہ کا نام کیا ہے ؟
اعجاز۔ میری والدہ کا نام ماریہ ہے ۔
حمزہ:اچھا اعجاز کیا آپ شادی شدہ ہیں؟
اعجاز ۔ جی میں شادی شدہ ہوں
حمزہ۔ آپکے کتنے بچے ہیں ؟
اعجاز۔ میرے دو بچے ہیں ، ایک لڑکا ایک لڑکی
اعجاز ۔ میرے بیٹے کا نام علی اور بیٹی کا نام سارہ ہے
حمزہ۔ آپکے بیٹے کی عمر کیا ہے ؟
اعجاز ۔ میرا بیٹا ۵ سال کا ہے اور میری بیٹی کی عمر ۳ سال ہے
حمزہ :اچھا ! آپکی تاریخ پیدایش کیا ہے؟
اعجاز: میری تاریخ پیدایش ۴ ستمبر ۱۹۹۵ ہے ۔
حمزہ: آپکے گھر کا پتہ کیا ہے؟
اعجاز: میرے گھر کا پتہ گلی نمبر اڑتیس ایف ۷ اسلام آباد ہے۔
حمزہ: آپکے گھر کا فون نمبر کیا ہے ؟
اعجاز: میرے گھر کا فون نمبر تین چار پانچ سات پانچ تین پانچ صفر ہے
حمزہ: آپکا ذاتی فون نمبر کیا ہے ؟
اعجاز: میرا ذاتی فون نمبر چار پانچ آٹھ دو چھ چھ ایک چار صفر ہے
حمزہ: بہت شکریہ اعجاز اپنا خیال رکھیے اللہ حافظ۔

## Video 7: Shopping for biryani

<table>
<tr>
<td>Azbela: Mujhe buhut bhook lagi hai. Chalo, kuch banatay hain.<br>Stella: Lekin ham kya banayen?<br>Azbela: Fridge main dekhte hain.<br>Stella: Hamaray paas murghi hai<br>Azbela: Acha, aur hamaray paas chawal hain. Ham biryani banate hain.<br>Stela: Han zabardast. Mujhe biryani buhut pasand hai.<br>Azbela: Biryani ke liye bazaar se kia chahiye?<br>Stella: Biryani ke liye bazaar se aalu, piyaz aur tamatar chaiyen.<br>Azbela: Theek hain main bazaar ja rahi hun.<br><br>Azbela: Assalam o alaikum.<br>Sabzi wala: Wa alaikum assalam.<br>Azbela: Bhai, aap ke paas piyaz hain?.... Theek hai, mujhe ek kilo piyaz chahiye..... Aur aap ke paas tamatar hain?....Mujhe ek kilo tamatar chahiyen.....Aur aap ke paas lehsen hai?.....Lehsen hai.<br>Sabzi wala: Kitna?<br>Azbela: Mujhe ek pao lehsen chahiye..... Adrak, aur aap ke paas adrak hai?<br>Sabzi wala: Adrak nahin.<br>Azbela: Adrak nahin? Theek hai....Aur aap ke paas aalu hain?<br>Sabzi wala: Aalu nahin hai.<br>Azbela: Aalu bhi nahin hain. Theek hai.... Kitne pese hue?<br>Sabzi wala: Ye aap ke hue.. do so tees<br>Azbela: Do so tees.<br>Azbela: Hmmm... biryani buhut mazedar hai.<br>Stella: Hmmm... wakiye buhut mazedar hai.<br>Azbela: Mujhe biryani buhut pasand hai.<br>Stella: Mujhe bhi buhut hai.</td>
<td dir="rtl">مجھے بہت بھوک لگی ہے ۔ چلو کچھ بناتے ہیں۔<br>لیکن ہم کیا بنائیں ۔<br>فرج میں دیکھتے ہیں۔<br>ہمارے پاس مرغی ہے۔اور ہمارے پاس چاول ہیں۔<br>ہم بریانی بناتے ہیں۔<br>ہاں زبردست مجھے بریانی بہت پسند ہے۔<br>بریانی کے لیے بازار سے کیا چاہیے ۔؟<br>بریانی کے لیے بازار سے آلو، پیازاور ٹماٹر چاہیے۔<br>ٹھیک ہے میں بازار جا رہی ہوں۔<br>السلام علیکم ۔<br>وعلیکم سلام<br>بھائی آپ کے پاس پیاز ہیں؟۔<br>ٹھیک ہے مجھے ایک کلو پیاز چاہیے ۔<br>اور آپ کے پاس ٹماٹر ہیں؟<br>مجھے ایک کلو ٹماٹر چاہیے۔<br>اورآپ کے پاس لہسن ہے؟<br>لہسن ہے۔ کتنا؟<br>مجھے ایک پاؤ لہسن چاہیئے ۔<br>ادرک،اور آپکے پاس ادرک ہے۔<br>ادرک نہیں<br>ادرک نہیں ہے؟ٹھیک ہے<br>اور آپکے پاس آلو ہے؟<br>آلو نہیں ہے<br>آلو بھی نہیں ہے ٹھیک ہے<br>کتنے پیسے ہوئے؟<br>یہ آپکے ہوئے دو سو تیس<br>دو سو تیس<br>ہمم۔۔ بریانی بہت مزیدار ہے۔<br>ہمم۔۔واقعی بہت مزیدار ہے۔<br>مجھے بریانی بہت پسند ہے<br>مجھے بھی بہت ہے۔</td>
</tr>
</table>

## Video 8: My home

| | |
|---|---|
| Assalam o alaikum! Aaiye, main aap ko apna ghar dikhati hun. Ye mehman khana hai. Ye sofa hai. Ye bara sofa hai. Ye choti mez hai, aur wahan parde hain, buhut khoobsurat parde hain. Ye chota qaleen hai. Ye bawarchi khana hai. Ye fridge hai. Ye bara fridge hai. Yahan choolha hai, ye bara choolha hai. Bawarchi khane ka rang halka hai. Yahan tokri hai. Ye sone ka kamra hai. Ye palang hai. Ye bara palang hai. Wahan khirki hai. Ye AC hai. Ye pankha hai. Ye kursi hai. Ye chhoti kursi hai. Ye ghusal khana hai. Ghusal khane ka rang gehra hai. Ye tolia hai. Ye chota tolia hai. Ye sabun hai. Ye kamod hai. Ye sheesha hai, ye buhut khoobsurat sheesha hai. Ye chat hai. Ye kamra hai. Ye balcony hai. Ye bari balcony hai. Ye gamla hai. Gamle main phool hain. Ye darwaza hai. Ye sehen hai ye chota sehen hai. Ye seerhiyan hain. Mujhe mera ghar buhut pasand hai. Aap mujhe batayen, aap ka ghar kesa hai? | السلام علیکم ! آئیے میں آپکو اپنا گھر دکھاتی ہوں۔ یہ مہمان خانہ ہے،یہ صوفہ ہے، یہ بڑا صوفہ ہے ۔ یہ چھوٹی میز ہے ، اور وہاں بڑے پردے ہیں بہت خوبصورت پردے ہیں۔ یہ چھوٹے قالین ہے۔ یہ باورچی خانہ ہے ،یہ فرج ہے۔یہ بڑا فرج ہے ۔ یہاں چولہا ہے۔یہ بڑا چولہا ہے۔ باورچی خانے کا رنگ ہلکا ہے۔یہاں ٹوکری ہے۔ یہ سونے کا کمرہ ہے،یہ پلنگ ہے۔یہ بڑا پلنگ ہے۔ وہاں کھڑکی ہے۔ یہ اے سی ہے ،یہ پنکھا ہے، یہ کرسی ہے یہ چھوٹی کرسی ہے۔ یہ غسل خانہ ہے۔ غسل خانے کا رنگ گہرا ہے۔ یہ تولیہ ہے ،یہ چھوٹا تولیہ ہے۔ یہ صابن ہے،یہ کمورٹ ہے۔ یہ شیشہ ہے ،یہ بہت خوبصورت شیشہ ہے۔ یہ چھت ہے۔یہ کمرہ ہے،یہ بالکونی ہے،یہ بڑی بلاکونی ہے ۔یہ گملہ ہے ،گملے میں پھول ہیں۔<br>یہ دروازہ ہے۔ یہ صحن ہے یہ چھوٹا صحن ہے۔یہ سیڑھیاں ہیں ۔ مجھے میرا گھر بہت پسند ہے ۔ آپ مجھے بتائیں آپکا گھر کیسا ہے ؟ |

## Video 9: Large numbers

| | |
|---|---|
| 1. Ek so | 1۔ ایک سو |
| 2. Dhai lakh | 2۔ ڈھائی لاکھ |
| 3. Pachaas | 3۔ پچاس |
| 4. Derh so | 4۔ ڈیڑھ سو |
| 5. Pachaas lakh | 5۔ پچاس لاکھ |
| 6. Sath | 6۔ ساٹھ |
| 7. Teen hazaar | 7۔ تین ہزار |
| 8. Chaar hazaar panch so | 8۔ چار ہزار پانچ سو |

## Video 10: Hassan’s day

| | |
|---|---|
| Assalam o alaikum. Mera naam Hassan hai. Main aap ko apne din ke bare main batata hun. Main aam tor par subah sarhe saat baje uthta hun. Phir main naha kar din bhar ke liye tyar hota hun. Sarhe saat baje main nashta karta hun. Main nashte main hamesha coffee peeta hun. Sava aath baje main kaam par jata hun. Main takreeban pone no baje daftar puhunchta hun. Dopeher main aksar saathiyon ke sath meeting karta hun. Pone panch main ghar jata hun. Phir main peer, budh aur jume ko shaam sarhe che se saarhe saat baje tak apne doston ke sath gym jata hun. Mangal ko main gym nahin jata balke main sauda khareedta hun. Raat sava aath baje main raat ka khana khata hun. Raat ke khane ke baad main aram karta hun aur no chalees tak main TV dekhta hun. Takreeban das baje main sota hun. Ye mera din hai. Aap batayen, aap har roz kya karte hain? | السلام علیکم ! میرا نام حسن ہے ۔ میں آپکو اپنے دن کے بارے میں بتاتا ہوں۔ میں عام طور پر صبح تقریبا ساڑھے سات بجے اٹھتا ہوں۔ پھر میں نہا کر دن بھر کے لیے تیار ہوتا ہوں۔ ساڑھے سات بجے میں ناشتہ کرتا ہوں۔ میں ناشتے میں ہمیشہ کافی پیتا ہوں۔ سوا آٹھ بجے میں کام پر جاتا ہوں۔میں تقریبَا پونے نو بجے دفتر پہنچتا ہوں۔ دوپہر میں اکثر ساتھیوں کے ساتھ میٹینگ کرتا ہوں۔ پونے پانچ بجے میں گھر جاتا ہوں۔ پھر میں پیر،بدھ اور جمعہ کو شام ساڑھے چھ سے ساڑھے سات بجے تک اپنے دوستوں کے ساتھ جم جاتا ہوں۔ منگل کو میں جم نہیں جاتا بلکہ میں سودا خریدتا ہوں۔ رات سوا آٹھ بجے میں رات کا کھانا کھاتا ہوں۔ رات کے کھانے کے بعد میں آرام کرتا ہوں،اور نو چالیس تک میں ٹی وی دیکھتا ہوں۔ تقریباًدس بجے میں سوتا ہوں۔یہ میرا دن ہے ۔آپ بتائیں آپ ہر روز کیا کرتے ہیں؟ |

## Video 11: Telling the time

| | |
|---|---|
| 1. Gyara bajay hain. | 1۔ گیارہ بجے ہیں۔ |
| 2. Pone no baje hain. | 2۔ پونے نوبجے ہیں۔ |
| 3. Ek baja hai. | 3۔ ایک بجا ہے۔ |
| 4. Chaar baje hain. | 4۔ چاربجے ہیں۔ |
| 5. Sava no baje hain, | 5۔ سوا نوبجے ہیں ۔ |
| 6. Sarhe teen baje hain. | 6۔ ساڑھے تین بجے ہیں۔ |
| 7. Sava bara baje hain. | 7۔ سوا بارہ بجے ہیں ۔ |
| 8. Sarhe saat baje hain. | 8۔ ساڑھے سات بجے ہیں ۔ |
| 9. Sava aath baje hain. | 9۔ سوا آٹھ بجے ہیں، ۔ |
| 10. Sarhe chaar baje. | 10۔ ساڑھے چار بجے ہیں ۔ |

## Video 12: Sarah and Sobia's week

| | |
|---|---|
| Main peer se juma tak subah no baje se che baje tak daftar main kaam karti hun. Mangal ki shaam ko main meri saheliyon ke sath aath baje se no baje tak park jati hun. Itwar main hamesha dada dadi ke ghar jati hun. Main subah gyara baje nikalti hun aur raat das baje ghar wapis aati hun. | میں پیر سے جمعہ تک صبح نو بجے سے چھ بجے تک دفتر میں کام کرتی ہوں۔ منگل کی شام کو میں میری سہیلیوں کے ساتھ آٹھ بجے سے نوبجے تک پارک جاتی ہوں۔ اتوار میں ہمیشہ دادا ،دادی کے گھر جاتی ہوں۔میں صبح گیارہ بجے نکلتی ہوں۔اور رات دس بجے گھر واپس آتی ہوں۔ |
| Main roz school jati hun. Main ustaani hun. Main subah sarhe saat baje ghar se nikalti hun aur dopeher teen baje ghar wapis aati hun. Mangal, budh aur jumerat panch baje se sarhe saat baje tak mai tuition parhati hun. Hafte ko subah no baje sabziyan khareedti hun aur phir ghar ki safai karti hun. Itwar ko main aram karti hun. | میں روز سکول جاتی ہوں،میں استانی ہوں۔ میں صبح ساڑھے سات بجے گھر سے نکلتی ہوں اور دوپہر تین بجے گھر واپس آتی ہوں۔ منگل ،بدھ اور جمعرات پانچ بجے سے ساڑھے سات بجے تک میں ٹیوشن پڑھاتی ہوں۔ ہفتے کو صبح نوبجے سبزیاں خریدتی ہوں۔اور پھر گھر کی صفائی کرتی ہوں۔<br>اتوار کو میں آرام کرتی ہوں۔ |

## Video 13: Going to the beach

| | |
|---|---|
| Ao, is haftay kuch karte hain. Ham sahil e samandar chalte hain.<br>Hmm... ye buhut acha khayal hai, lekin haftay ko buhut garmi ho gi.<br>Lekin itwar ko mausam khushgawar ho ga aur kuch badal chayen ge. Chalo itwar ko chalain.<br>Theek hai aisa karte hain. Mujhe tairna buhut pasand hai. Aur ham picnic bhi kar sakte hain. Ham sahil par cricket bhi khel sakte hain.<br>Buhut aala. Lekin ham sahil par sirf aram bhi kar sakte hain. Hamain buhut maza aye ga. Main to itwar ka intizar nahi kar sakta. | آو ، اس ہفتے کچھ کرتے ہیں۔ ہم ساحل سمندر چلتے ہیں۔<br>ہمم۔ یہ بہت اچھا خیال ہے۔لیکن ہفتے کو بہت گرمی ہو گی۔<br>لیکن اتوار کو موسم خوش گوار ہو گا ۔ اور کچھ بادل چھائیں گے،چلو اتوار کو چلیں۔<br>ٹھیک ہے، ایسا کرتے ہیں۔ مجھے تیرنا بہت پسند ہیں۔اور ہم پکنک بھی کر سکتے ہیں۔ ہم ساحل پر کرکٹ بھی کھیل سکتے ہیں،<br>بہت اعلی، لیکن ہم ساحل پر صرف آرام بھی کر سکتے ہیں۔ہمیں بہت مزہ آئے گا ۔ میں تو اتوار کا انتظار نہیں کر سکتا۔ |

| | |
|---|---|
| Aaj itwar hain. Aur ham sahil ja rahe hain. Dhoop par rahi hai lekin ziada garmi nahin hai. Aaj ka din buhut zabardast ho ga. Mujhe sahil par sirf aram karna aur kuch na karna pasand hai. Lekin meri bhateeji aur bhateeja hamesha buhut sargaram hote hain. Inhen gaind ke sath khelna, cricket khelna, tairna, aur doosre khel khelne ka shauq hai. Mere bhai ko bhi tairna buhut acha lagta hai. Lekin is ko oont ki sawari ka sab se ziada shauq hai. Mujhe oont bilkul nahin pasand. Meri bhabhi ko tairna pasand nahin hai. Wo sirf aram karti hain aur halke phulke khane khati hain<br><br>Ab sham hogai hai. Aur hamen ghar jana hai. Kya zabardast din tha. Ham sab ko sahil par din guzarne  main khub maza aya. | آج اتوار ہے ۔ اور ہم ساحل جا رہے ہیں۔دھوپ پڑ رہی ہے ۔ لیکن زیادہ گرمی نہیں ہے۔ آج کا دن بہت زبردست ہو گا۔مجھے ساحل پر صرف آرام کرنا اور کچھ نا کرنا پسند ہے۔لیکن میری بھتیجی اور بھتیجاہمیشہ بہت سر گرم ہوتے ہیں۔انہیں گیند کے ساتھ کھیلنا ، کرکٹ کھیلنا، تیرنااور دوسرے کھیل کھیلنے کا شوق ہے۔میرے بھائی کو بھی تیرنا بہت اچھا لگتا ہے ۔ لیکن اس کو اونٹ کی سواری کا سب سے زیادہ شوق ہے۔مجھے اونٹ بلکل نہیں پسند۔میری بھابی کوتیرنا پسند نہیں ہے ۔ وہ صرف آرام کرتی ہیں۔اور ہلکے پھلکے کھانے کھاتی ہیں۔<br>اب شام ہو گئی ہے ۔اور ہمیں گھر جانا ہے۔کیا زبردست دن تھا۔ ہم سب کو ساحل پر دن گزرانے میں خوب مزہ آیا۔ |

## Video 14: Weather forecast

| | |
|---|---|
| Hindustan ke shumali medani ilaqe main main saal main chaar mausam hote hain. Sardi, bahaar, garmi aur barsaat. November, december, aur janvari main sardiyon ka mausam hota hai. December aur janvari main aksar buhut ziada sardi hoti hai. Subah kaafi dhund bhi hoti hai. Farvari, march aur april ke shuru  main bahaar ka mausam hota hai. Khaas tor par farvari aur march main mausam kaafi khushgawar hota hai. April ke akhir se garmiyon ka mausam shuru hota hai. Mai aur june main buhut garmi parti hai aur garam hawayen chalti hain. Aisi hawa ko looh kehte hain. July aur agast main tez barish hoti hai jisay monsoon bhi kehte hain. Aktoober main mausam acha rehta hai. Na ziada garmi parti hai na ziada sardi. | ہندوستان کے شمالی میدانی علاقے میں سال میں چار موسم ہوتے ہیں۔ سردی،بہار، گرمی اور برسات نومبر، دسمبر اور جنوری میں سردیوں کا موسم ہوتا ہے ۔ دسمبر اور جنوری میں اکثر بہت زیادہ سردی ہوتی ہے۔ صبح کافی دھند بھی ہوتی ہے ۔ فروری،مارچ اور اپریل کے شروع میں بہار کا موسم ہوتا ہے۔ خاص طور پر فروری اور مارچ میں موسم کافی خوشگوار ہوتا ہے ۔ اپریل کے آخر سے گرمیوں کا موسم شروع ہوتا ہے ۔ مئی اور جون میں بہت گرمی پڑتی ہے،اور گرم ہوائیں چلتی ہیں، ایسی ہوا کو لُو کہتے ہیں۔ جولائی، آگست اور ستمبر کے دوران برسات کا موسم ہوتا ہے۔ جولائی اور اگست میں تیز بارش ہوتی ہے،جسے مون سون بھی کہتے ہیں۔ اکتوبر میں موسم اچھا رہتا ہے، نہ زیادہ گرمی پڑتی ہے،نہ زیادہ سردی ۔ |

## Video 15: Rikshaw ride

| | |
|---|---|
| Assalam o alaikum. Aaj main bazaar jana chahti hun. Bazaar kuch door hai isliye main rickshay se jati hun. Chalain, rickshaw rokte hain.<br>Mujhe bazaar jana hai. Main aap ko batati hun kahan se jana hai. Chalain! Pehle seedhe chalain, agli gali se ulte hath murain. Yahan se seedha chalain. Ab yahan se seedhe hath murain. Ab dobara ulte hath murain. Seedhe chalain. Ab zara ahista chalain. Yahan rok dain. Shukriya! Ye pese lain. Ye bazaar hai. Ab ham andar jayen ge. | السلام علیکم ! آج میں بازار جانا چاہتی ہوں۔ بازار کچھ دور ہے اس لیے میں رکشے سے جاتی ہوں، چلیں رکشہ روکتے ہیں۔<br>مجھے بازار جانا ہے ، میں آپکو بتاتی ہوں کہاں سے جانا ہے ۔ چلیں۔ پہلے سیدھے چلیں،اگلی گلی سے الٹے ہاتھ مڑیں۔ یہاں سے سیدھا چلیں۔اب یہاں سے سیدھے ہاتھ مڑیں ،اب دوبارہ الٹے ہاتھ مڑیں۔سیدھے چلیں،اب زرا آہستہ چلیں یہاں روک دیں۔شکریہ۔ یہ پیسے لیں ۔ یہ بازار ہے اب ہم اندر جائیں گے۔ |

## Video 16: Giving directions

| | |
|---|---|
| Main haspataal ke age khari hun. Aap haspataal se seedhe usama book and stationery ki taraf jayen. Usama book and stationery ke baad teesri gali main seedhe hath murain. Phir chowrangi ki taraf seedhe jayen. Phir chowrangi se ulte hath murain. Is ke baad, chothi gali main seedhe murain. Phir seedha chalain aur aap puhunch jayen ge. Kya aap bata sakte hain ke main kahan hun? | میں ہسپتال کے آگے کھڑی ہوں ،آپ ہسپتال سے سیدھے اسامہ بک اینڈ سٹیشنری کی طرف جائیں ۔ اسامہ بک اینڈ سٹیشنری کے بعد تیسری گلی میں سیدھے ہاتھ مڑیں ،پھر چورنگی کی طرف سیدھا جائیں ،پھر چورنگی سے الٹے ہاتھ مڑیں ۔اس کے بعد چوتھی گلی میں سیدھے ہاتھ مڑیں۔ پھر سیدھا چلیں اور آپ پہنچ جائیں گے ۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ میں کہاں ہوں؟ |

## Video 17: Daewoo bus ticket

| | |
|---|---|
| Assalam o alaikum.<br>Main aap ki kia madad kar sakti hun?<br>Mujhe ek bus ki ticket khareedni hai.<br>Hmm… kahan se kahan tak?<br>Lahore se peshawar tak.<br>Theek hai, hamari ek bus che baje Lahore se nikalti hai<br>Theek hai, ye acha hai. Bus Peshawar kitne baje puhunche gi?<br>Dopeher bara baje. Che ghante lagte hain.<br>Theek hai, kitna karaya hai?<br>Kitne logon ke liye?<br>Mujhe do ticket chahiyen.<br>Ek shakhs ka karaya teen hazaar hai to aap ke che hazaar lagain ge.<br>Acha, ye lijiye, che hazaar rupay.<br>Shukriya ye aap ki ticketain hain, aap ka safar acha guzre.<br>Khuda hafiz.<br>Shukriya. Khuda hafiz! | السلام علیکم !<br>میں آپکی کیا مدد کر سکتی ہوں؟<br>مجھے ایک بس کی ٹکٹ خریدنی ہے ۔<br>ہمم۔کہاں سے کہاں تک کے لئے ؟<br>لاہور سے پشاور تک ۔<br>ٹھیک ہے ،ہماری ایک بس چھ بجے لاہور سے نکلتی ہے ۔۔<br>ٹھیک ہے ،یہ اچھا ہے ، یہ بس پشاور کتنے بجے پہنچے گی ؟<br>دوپہر بارہ بجے ، چھ گھنٹے لگتے ہیں ۔<br>ٹھیک ہے ۔کتنا کرایہ ہے ؟<br>کتنے لوگوں کے لئے ؟<br>مجھے دو ٹکٹ چاہئے ۔<br>ایک شخص کا کرایہ تین ہزار ہے ۔تو آپکے چھ ہزار لگیں گے۔<br>اچھا یہ لیجیے چھ ہزار روپے<br>شکریہ یہ آپکی ٹکٹیں ہے ،آپکا سفر اچھا گزرے۔<br>خدا حافظ۔<br>شکریہ ! خدا حافظ۔ |